تبصرے

کاروانِ حجاز | از جناب ماہر القادری۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۷۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد للعہ/ چار روپیہ۔ پتہ :۔ مکتبۂ فاران کیمبل اسٹریٹ کراچی ۱

جناب ماہر القادری اردو زبان کے نامور شاعر۔ ادیب اور صحافی ہیں اور ادھر چند سال سے ان میں دینی شغف بھی پیدا ہو گیا ہے۔ یہ کتاب انھیں کا سفر نامۂ حجاز ہے اس بنا پر اس میں وہ سب کچھ ہے جس کی توقع ایک اہلِ دل ادیب اور شاعر کے اس مقدس و ولولہ انگیز سفر کی روداد سے ہو سکتی ہے، چنانچہ کراچی سے روانگی سے لے کر وہاں کی واپسی تک تمام حالات و واقعات مع کے ساتھ دل کے واردات۔ چشم و نظر کے مشاہدات اور دماغ کے محسوسات کا تذکرہ ایسے دلچسپ اور جذبات انگیز طرز بیان میں ہے کہ ایک مرتبہ کتاب کو شروع کر دینے کے بعد اسے ختم کئے بغیر رکھ دینے کو جی نہیں چاہتا۔ ماہر صاحب اسلامی جماعت کے داعی ہیں اس لئے بعض دینی مسائل اور بعض محسوسات و مشاہدات کی تشریح و توضیح یا ان کی تعلیل و توجیہ میں انھوں نے اسی جماعت کے نقطۂ خیال کی ترجمانی کی ہے جس سے ظاہر ہے دوسرے لوگوں کو اتفاق نہیں ہو سکتا، لیکن یہ بھی ظاہر ہے کہ ہر مصنف اپنے ہی نقطۂ نظر کی ترجمانی کرتا ہے اور اسے ایسا ہی کرنے کا حق بھی ہے ورنہ دنیا کا کوئی مصنف بھی اپنے تمام قارئین کے ساتھ ہم خیال نہیں ہو سکتا۔ بہر حال یہ سفر نامہ ادبی، دینی اور معلوماتی اعتبار سے دلچسپ بھی ہے اور مفید بھی اس کا مطالعہ ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

تعارف القرآن | از ڈاکٹر محمد احمد صدیقی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۲۸ صفحات طباعت وکتابت بہتر قیمت عہ پتہ :۔ کتابستان الہ آباد۔

یہ رسالہ اگرچہ مختصر ہے لیکن معلومات اور افادیت کے لحاظ سے بہت اہم ہے اس میں لائق